## سوال

(895)امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق اہلحدیث کا کیا موقف

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق اہلحدیث کا کیا موقف ہونا چاہیے کچھ کہتے ہیں انہوں نے صحابہ کو دیکھا احادیث نقل کیں بہترین زندگی گزاری اور امام اعظم کہلائے اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ انہوں نے صرف چند حدیثیں یاد کیں اور شاگرد امام ابویوسف کی وجہ سے مشہور ہوئے ۔ محمد سلیم بٹ

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی کسی ایک بھی صحابی سول کے ساتھ ملاقات ثابت نہیں ۔ تقدمۃ الجرح والتعدیل میں امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کا بیان ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید، سنت وحدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم اوراقوال وآثار صحابہ وتابعین کو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی بنسبت زیادہ جاننے والے ہیں ۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص571

محدث فتویٰ